سوال

(60)احتلام کی حالت میں روزہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا روزے کی حالت میں احتلام سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روزے کی حالت میں احتلام سے روزہ نہیں ٹوٹتا ۔ کیونکہ یہ ایک ایسی چیز ہے جس پر انسان کا بس نہیں اور اللہ تعالیٰ انسان کو کسی ایسے کام مکلف نہیں کرتا جس پر اس کا بس نہ ہو۔ اسی طرح روزے کی حالت میں غسل کرنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا چاہے غیر ارادی طور پر پانی اس کے کانوں سے ہوتا ہوا حلق تک پہنچ جائے یا کلی کرتے وقت حلق میں چلا جائے ۔ اللہ کا ارشاد ہے :

وَلَيسَ عَلَيكُم جُناحٌ فيما أَخطَأتُم بِهِ وَلـٰكِن ما تَعَمَّدَت قُلوبُكُم ... 5 ... سورة الاحزاب

اورنادانستہ جو کام کرو اس کے لیے تم پر کوئی گرفت نہیں ہے لیکن اس پر گرفت ضرور ہے، جس کام کا تم دل سے ارادہ کرو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی یوسف القرضاوی

روزہ اور صدقہ الفطر، جلد:1، صفحہ:167

محدث فتویٰ